پڑوسیوں کو رہا کردو۔

عن علی رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال یا علیؓ! اذا جلس الیک الخصمان فلا تقض بینہما حتی تسمع من الآخر کما سمعت من الاول

حضرت علی (کرم اللہ وجہ) سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے علی! جب تمہارے سامنے دو فریق معاملہ پیش ہوں تو ان کے درمیان اس وقت تک فیصلہ نہ کرو جب تک کہ دوسرے کا بھی اس کا بیان اسی طرح نہ سن لو جس طرح پہلے کا بیان سنا ہے۔

(باقی)

قارئین "ترجمان" کو اخبارات کے ذریعہ غالباً اس اندوہناک خبر کا علم ہوچکا ہوگا کہ ہمارے محترم اور مقتدر رفیق مولانا مسعود عالم صاحب ندوی (جن کا ایک مضمون اسی شمارے میں شامل ہے) کراچی میں سولہ اور سترہ مارچ کی درمیانی رات کو اس دارِ فانی سے رحلت کرکے رفیقِ اعلیٰ کے ہاں پہنچ گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مرحوم ومغفور کی وفات نے صرف ان کے اعزہ کو ہی ایک عظیم صدمہ نہیں پہنچایا، اور صرف جماعت اسلامی پاکستان کو ہی ایک مخلص اور قیمتی کارکن سے محروم نہیں کردیا، بلکہ آپ کا اٹھ جانا دنیائے اسلام کے تمام علمی ودینی حلقوں کے لیے ایک بہت بڑا نقصان ہے۔

ناظرین دعاء فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی مغفرت سے نوازے اور ان کے اعزہ اور رفقاء کو صبر وثبات عطا فرمائے، آمین!

(ادارہ)